Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Urdu) III Semester Examination, February 2022

Paper : MAUR304CCT : Ghair Afsanvi Adab ki Ahem Asnaf ka Mutalia

پرچہ : غیرافسانوی ادب کی اہم اصناف کا مطالعہ

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو(100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو(250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. خاکہ 'نام دیو مالی' میں مولوی عبدالحق نے نام دیو کی فرض شناسی کو کس طرح سے پیش کیا ہے؟
2. ادا جعفری کی بچپن سے مطالعہ کی عادت نے ان میں ادبی ذوق اور تخلیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھایا۔ مثالوں سے وضاحت کیجیے۔
3. پطرس بخاری نے لاہور کا جغرافیہ میں صنعتی ترقی کے نام پر ہونے والے ماحولیاتی نقصانات پر کس طرح سے طنز کیا ہے؟
4. مضمون اور انشائیے کے فرق کو مثالوں سے واضح کیجیے۔
5. خاکہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اہم اجزا پر ایک نوٹ لکھیے۔
6. حالی کی تصنیف 'یادگار غالب' مرزا غالب کی بہترین سوانح قرار دی جاتی ہے۔ اس قول کی تائید یا تردید میں مدلل بحث کیجیے۔
7. غالب کی مکتوب نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔
8. ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔

   (a) کافی (b) کندن (c) دکن سا نہیں ٹھار سنسار میں (d) سویرے کل جو آنکھ میری کھلی
9. مکتوب نگاری کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اقسام پر ایک نوٹ لکھیے۔
10. سرسید اور ان کے معاصرین کے سفرناموں کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

حصہ دوم

11. افسانوی ادب اور غیر افسانوی ادب کے اشتراکات وافتراقات پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔
12. غبار خاطر کی تحریریں خطوط ہیں یا انشائیے۔ مدلل گفتگو کیجیے۔
13. اردو میں سوانحی ادب پر روشنی ڈالیے۔
14. سفرنامہ جاپان چلو جاپان چلو میں مجتبیٰ حسین نے جاپان اور ہندوستان کا موازنہ کس طرح سے کیا ہے؟ ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔
15. 'ڈپٹی نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی' میں مرزا فرحت اللہ بیگ نے مولوی نذیر احمد کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں' ان کی خوبیوں اور خامیوں کو اجاگر کیا ہے جس کے سبب ان کی شخصیت کی مکمل تصویر ابھر کر سامنے آتی ہے۔ مثالوں کے ذریعے اس قول کی وضاحت کیجیے۔

☆☆☆